4

روزہ

روزہ سے مُراد اذانِ فجر سے لے کر اذانِ مغرب تک عبادت کی نیت سے کھانے پینے اور ایسے کاموں سے رکنا ہے جن سے رکنے کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں پر رمضان المبارک کے مہینے کے روزے فرض کیے ہیں۔ رمضان المبارک اسلامی سال کا نواں مہینا ہے۔ دنیا کے دوسرے مذاہب میں بھی روزے کا تصوّر موجود ہے۔ یہودی، عیسائی، ہندو اور بدھ مت کے ماننے والے بھی اپنے اپنے مذہبی طریقے کے مطابق روزے رکھتے ہیں۔ مثلاً مسیحی مارچ اور اپریل میں روزے رکھتے ہیں۔

رمضان المبارک میں قرآنِ مجید کا نزول شروع ہوا۔ رمضان المبارک کے آخری دس دنوں میں ایک ایسی رات ہوتی ہے جسے لیلۃُ القدر کہتے ہیں۔ یہ بہت اہم رات ہے۔ اس رات کی عبادت ایک ہزار مہینوں کی عبادت سے بہتر ہے۔ اس رات میں حضرت جبرائیل علیہ السلام دیگر فرشتوں کے ساتھ زمین پر اُترتے ہیں۔

رمضان المبارک کا چاند دیکھتے ہی مسلمان عبادات میں مصروف ہو جاتے ہیں۔ نمازِ عشاء کے ساتھ نمازِ تراویح ادا کی جاتی ہے۔ دن میں روزہ رکھا جاتا ہے۔ کثرت سے اللہ تعالیٰ کا ذکر اور قرآنِ مجید کی تلاوت کی جاتی ہے۔ دوسروں کی مدد، نیک اعمال، عبادات اور دعائیں کثرت سے کی جاتی ہیں اس لیے کہ اس مہینے میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہر عبادت اور ہر نیک عمل کا ثواب عام دنوں کے مقابلے میں ستر گُنا بڑھا دیا جاتا ہے۔

روزہ رکھنے سے انسان بیماریوں سے بچا رہتا ہے۔ اُسے غریبوں کی بھوک کا احساس ہوتا ہے۔ اس جسمانی عبادت سے غریبوں، یتیموں اور مسکینوں کے ساتھ ہمدردی پیدا ہوتی ہے۔

روزہ کی ابتدا فجر کی اذان سے ہوتی ہے۔ اذان سے پہلے کھانا کھایا جاتا ہے، اسے ''سحری'' کہتے ہیں۔ سحری کھانا سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے۔ مغرب کی اذان پر روزہ کھول لیا جاتا ہے، اسے ''افطاری'' کہتے ہیں۔

عام طور پر مسلمان ایک دوسرے کو افطار کی دعوت دیتے ہیں۔ یہ اس لیے کہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے کہ روزہ افطار کروانے والے کو بھی روزہ دار کے برابر اجر ملتا ہے۔

رمضان المبارک کا پورا مہینا روزے رکھنے کے بعد مسلمان یکم شوال کو عید الفطر مناتے ہیں۔ یہ عید اللہ تعالیٰ کی طرف سے مسلمانوں کے لیے ایک انعام ہے۔

مشق

1- درج ذیل سوالات کے جوابات دیں:

(i) روزہ سے کیا مراد ہے؟

(ii) روزہ رکھنے سے کون کون سے فائدے ملتے ہیں؟

(iii) روزے کس اسلامی مہینے میں رکھے جاتے ہیں؟

(iv) سحری اور افطاری کا کیا مطلب ہے؟

(v) کس نماز کے ساتھ نمازِ تراویح ادا کی جاتی ہے؟

2- مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں:

اذان	بیماریوں	سُنّت	نواں

(i) روزہ رکھنے سے انسان -------------- سے بچا رہتا ہے۔

(ii) روزے کی ابتدا فجر کی -------------- سے ہوتی ہے۔

(iii) رمضان المبارک اسلامی سال کا ---------- مہینا ہے۔

(iv) سحری کھانا ---------- رسول ﷺ ہے۔

3- درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

(i) لیلۃ القدر رمضان میں کب ہوتی ہے؟

(الف) پہلے دس روزوں میں (ب) دوسرے دس روزوں میں

(ج) آخری دس روزوں میں

(ii) روزہ کھولنے کے وقت جو کھانا کھایا جاتا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

(الف) سحری (ب) افطاری (ج) دونوں

(iii) یکم شوال کو کون سا دن منایا جاتا ہے؟

(الف) عیدالاضحیٰ (ب) عیدالفطر (ج) عید میلادالنبی ﷺ

(iv) قرآنِ مجید کا نزول کب شروع ہوا؟

(الف) محرم میں (ب) ربیع الاوّل میں (ج) رمضان المبارک میں

(v) عام دنوں کی نسبت رمضان میں کی گئی عبادت کا ثواب ملتا ہے:

(الف) 30 گنا زیادہ (ب) 50 گنا زیادہ (ج) 70 گنا زیادہ

سرگرمی

طلبہ "روزہ رکھنے اور کھولنے کی دُعائیں" زبانی یاد کر کے اُستاد کو سنائیں۔

ہدایات برائے اساتذہ

اساتذہ کرام طلبہ کو روزے کے کچھ مزید فضائل سے آگاہ کریں تاکہ اُن میں بھی روزہ رکھنے کا شوق پیدا ہو۔

مشکل الفاظ اور اُن کے معانی

مذہب	دین	مسکینوں	مسکین کی جمع، غریب
نزول	نازل ہونا، اُترنا	اجر	ثواب